
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

احسان



دین اسلام کے تین درجات ہیں۔


اسلام، ایمان اور احسان۔

احسان سب سے اعلیٰ درجہ ہے ۔



اس درس میں ہم احسان کے بارے میں جانیں گے ۔

اور یہ بھی جانیں گے احسان کرنے والوں کو کیا نتائج ملتے ہیں ۔



احسان پر ایک واقعہ بتایا جارہا ہے
جسے اپنے ساتھیوں سے شیر
کریں۔



ایک دفعہ عبداللہ بن عمر رض نے
ارادہ کیا کہ بکریوں کے چرواہے کا
امتحان لیا جائے۔
ابن عمر: ایک بکری کا بچہ مجھے
دے دو۔
چرواہا: یہ بکریاں میری نہیں ہیں،
میرے مالک کی ہیں ۔
ابن عمر: تمہارے مالک سے کہہ دو
کہ بھیڑئے نے کھا لیا۔
چرواہا: پھر اللہ کہاں ہے؟



ابن عمر رونے لگے اور اس غلام کو
خرید کر آزاد کر دیا ۔



ابن عمر کہتے تھے: تمہیں اس جملے
نے آزاد کیا، مجھے امید ہے کہ یہ
کلمہ تمہیں آخرت میں بھی آزاد کر
دے گا ۔

نحو طبرانی فی معجم کبیر

احسان کے معنی



اللہ کی عبادت ایسے کرنا
چاہیے جیسے ہم اسے دیکھ رہے
ہیں اور
اگر ہم ایسے نہیں کر سکتے، وہ
تو ہمیں دیکھ رہا ہے ۔



احسان کرنا واجب ہے ۔

احسان کا طریقہ اختیا ر کرو
کہ اللہ محسنوں کو پسند کرتا
ہے۔

سورۃ بقرہ :195



پیارے بچوں! ہر روز بھلائی
کرتے جانا چاہیے۔
اسی طرح احسان کی صفت
ہم میں آتی جائے گی ۔

احسان کے فوائد



مسلمان اللہ کی عظمت بیان کرتا ہے ۔اور وہ جانتا ہے کہ ہر وقت وہ اللہ کی نگاہ میں ہے۔ اسی لئے اللہ کی راہ میں مہنت کرتا ہے ۔اور گناہوں سے دور رہتا ہے ۔وہ یہ بھی جانتا ہے کہ کوئی بھی حال ہو، اللہ ہر جگہ اور ہر وقت نگہبان ہے ۔



پیارے بچوں! ہم جن کے ساتھ رہتے ہیں ان کی عزت کرنا چاہیے اور ان کے ساتھ کبھی بھی زیادتی نہیں کرنا چاہیے ۔



اپنی باتوں سے یا کاموں سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچانا چاہئے ۔ انکی غلطیوں کو معاف کرنا چاہیے۔

روزہ دار کھانے پینے سے پرہیز
کرتا ہے جب کے اس کے
سامنے کتنے ہی لوازمات رکھے ہو
اور وہ کھانے کی قدرت رکھتا
ہو ۔



روزہ دار اللہ کی اطاعت میں
ان ساری چیزوں سے پرہیز
کرتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ
روزہ رکھنا اللہ کا حکم ہے اور
اللہ اسے دیکھ رہا ہے اور یہ
کہ اسے اللہ کو جواب دینا ہے
اور
وہ اللہ سے اجر اور ثواب کی
امید رکھتا ہے ۔







اللہ ہمیشہ ہمیں دیکھ رہا ہے ۔
اس لئے ہم ہمیشہ اس کی اطاعت
والے کام کریں۔
اور اس کی نافرمانی سے بچیں ۔

اسی کو احسان کہتے ہیں ۔

اللہ احسان کرنے والوں کو پسند
کرتا ہے ۔



لوگ بھی احسان کرنے والوں
کو پسند کرتے ہیں ۔



صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

حامد نماز احسن طریقے سے پڑھتا ہے، کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ؟

- اللہ اسے دیکھ رہا ہے ۔
- اسے چاکلیٹ ملے گا۔

احمد بات کرتے وقت جھوٹ نہیں بولتا، کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ؟

- اللہ اس کی بات سن رہا ہے ۔
- امی ناراض ہوں گی۔

اکمل چوری نہیں کرتا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ؟

- اللہ سے کوئی چیز چھپی نہیں ہے ۔
- اسے گیند خریدنا تھا۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اسلام کے درجات کو ترتیب سے نمبر لکھیں ؟

☆ ایمان ☆ اسلام ☆ احسان

سب سے اعلی درجہ کونسا ہے؟


☆ ایمان ☆ اسلام ☆ احسان

احسان کا بدلہ احسان ہے قرآن کے کس سورت کی آیت ہے؟

☆ سورۃ فاتحہ

☆ سورۃ الرحمن

احسان کا بدلہ احسان



ایک کبوتر نے ایک چونٹی کو پانی میں ڈوبتے دیکھا۔
جھاڑ سے ایک پتہ توڑ کر چونٹی کے پاس ڈال دیا۔
چونٹی تیر کر دریا کے کنارے پر پہنچی۔
ادھر ایک آدمی کبوتر کا شکار کر رہا تھا۔
چونٹی آدمی کے پیر پر کاٹ لگاکر فرار ہوگئی۔
آدمی پیر کو خراشنے کے لئے جھکا۔
ادھر انسان کی آہٹ سن کر کبوتر اڑ گیا۔

احسان کا بدلہ احسان ہوتا ہے ۔ سورۃ الرحمن :60

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

کبوتر نے چونٹی کے ساتھ بھلائی کیوں کی؟

- کچھ ملنے کی حوس میں ۔
- اس کی طبیعت میں اخلاص تھا ۔

چونٹی کے دل میں کبوتر کے لیے ہمدردی کیوں پیدا ہوئی؟

- جو مدد کرتا ہے اسے پسند کیا جاتا ہے ۔
- اس کا دوست تھا۔

جملہ پورا کیجئے ۔ جو زمین والوں پر رحم کرے.....

- آسمان والا اس پر رحم کرے گا۔
- اس کو کچھ نہیں ملے گا ۔

نیچے دیئے گئے خالی جگہ پر کریں

اسلام کے ارکان

ایمان کے ارکان

احسان

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

قرآن کی آیات میں احسان کی آیتیں کونسی ہیں

- ☆ والدین کے ساتھ نیک سلوک (احسان) کرو۔ ☐
- ☆ اللہ عدل اور احسان اور صلہء رحمی کا حکم دیتا ہے۔ ☐
- ☆ نیکی(احسان) کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے۔ ☐
- ☆ دنیا امتحان کی جگہ ہے ۔ ☐
- ☆ اللہ دن میں کام کرنے اور رات آرام کرنے بنائی ۔ ☐

ارکان کو صحیح جواب سے ملائیں

- حج
- آخرت کے دن پر ایمان
- نماز
- اللہ پر ایمان
- روزہ
- اچھی بری تقدیر پر ایمان
- توحید
- ملائکہ پر ایمان
- زکوٰۃ
- رسولوں پر ایمان
- کتابوں پر ایمان
- اللہ کی عبادت ایسے کرنا جیسے ہم اسے دیکھ رہے ہیں
اگر ہم ایسے نہیں کر سکتے، وہ تو ہمیں دیکھ رہا ہے ۔

اسلام

ایمان

احسان

احسان سے جڑی ہوئی تصاویر پر ✔ نشان بنائیں

















